۶۰ سال پہلے

ایک طرف ترکی قوم میں اتنے بڑے انقلاب کی ابتدا ہو رہی تھی ' دوسری طرف ترکوں کے علما اور مشائخ تھے جو اب بھی ساتویں صدی کی فضا سے نکلنے پر آمادہ نہ تھے ' ان کے جمود ' ان کی تاریک خیالی ' ان کی رجعت پسندی ' اور زمانہ کے ساتھ حرکت کرنے سے ان کے قطعی انکار کا اب بھی وہی حال تھا جو سلطان سلیم کے زمانہ میں تھا۔ وہ اب بھی کہہ رہے تھے کہ چوتھی صدی کے بعد اجتہاد کا دروازہ بند ہو چکا ہے ' حالانکہ ان کی آنکھوں کے سامنے الحاد کا دروازہ کھل رہا تھا۔ وہ ابھی تک فلسفہ اور کلام کی وہی کتابیں پڑھنے پڑھانے میں مشغول تھے جن کو پھینک کر زمانہ پانچ سو برس آگے نکل چکا تھا۔ وہ اب بھی اپنے وعظوں میں قرآن کی وہی تفسیریں اور وہی ضعیف حدیثیں سنائے جا رہے تھے جن کو سن کر سو برس پہلے تک کے لوگ تو سر دھنتے تھے ' مگر آج کل کے دماغ ان کو سن کر نہ صرف ان مفسرین ' و محدثین بلکہ خود قرآن و حدیث سے منحرف ہو جاتے ہیں ' وہ ابھی تک اصرار کر رہے تھے کہ ترکی قوم میں وہی فقہی قوانین نافذ کیے جائیں گے جو شامی اور کنز الدقائق میں لکھے ہوئے ہیں ' خواہ اس اصرار کا نتیجہ یہی کیوں نہ ہو کہ ترک ان قوانین کے اتباع سے بھی آزاد ہو جائیں جو قرآن اور سنت رسول ؐ میں مقرر کیے گئے ہیں — تمدن و معاشرت میں کامل مغربیت ' زبان اور ادب اور سیاست میں انتہا درجہ کی جنسی عصبیت ' الغائے خلافت کے بعد مذہب و سلطنت کی تفریق اور پھر خالدہ خانم کے بقول سلطنت کو مذہب سے آزاد کر کے مذہب کو سلطنت کا پابند بنا دینا ' اسلامی قانون کے بجائے سوئیٹزرلینڈ کا قانون اختیار کرنا ' وراثت اور طلاق وغیرہ مسائل میں قرآن کے صریح احکام تک کو بدل ڈالنا ' عورتوں کو اسلامی تعلیم کے بالکل خلاف اس آزادی کی روش پر ڈال دینا جس پر جنگ عظیم کے بعد یورپ کی عورتیں چل رہی ہیں ' یہ سب قدرتی نتائج ہیں ' جاہل علما کے جمود ' اور ہوا پرست صوفیا کی گمراہی ' اور خلافت کے منصب سے ناجائز فائدہ اٹھانے والے سلاطین کی خود غرضی ' اور انقلابی لیڈروں کی قرآن و سنت رسول ؐ کے علم سے کلی جہالت کے۔ افسوس کہ اس صدی میں ترکی قوم نے ایک بھی ایسا شخص پیدا نہیں کیا جو قرآن میں بصیرت رکھنے والا اور اسلامی تعلیم کی حقیقی روح کو سمجھنے والا ہوتا ' اور زمانے کے متغیر حالات پر گہری نگاہ ڈال کر صحیح اجتہادی قوت سے کام لیتا ' اور اصول اسلام کو ان حالات پر منطبق کر کے ایک ایسا سمویا ہوا نظام مرتب کر دیتا جس کی اساس کتاب و سنت پر ہوتی اور جس میں رفتار زمانہ کے ساتھ حرکت کرنے کی صلاحیت ہوتی۔

(سید ابوالاعلیٰ مودودی ' تفریظ و انتقاد ' جلد ۷ ' عدد ۵ ' ذیقعدہ ۵۴ ۱۳ ' فروری ۶ ۱۹۳)